فوری ریلیز کے لیے: 14/10/2022

گورنر KATHY HOCHUL

## گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں نئی بھرتیوں اور ملازمتیں برقرار رکھنے کی کوششوں کو بہتر بنانے کے لیے نرسز کے عہدوں کے لیے تنخواہوں میں اضافے کا اعلان کیا

### تنخواہوں میں اضافے سے 15 ریاستی ایجنسیز میں 6,500 سے زیادہ ریاستی ملازمین کو فائدہ ہوگا

### یہ گورنر کے نگہداشت صحت کی افرادی قوت میں وسعت کے مجموعی عزم کا حصہ ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیو یارک کی ایجنسیز میں نرسز کے عہدوں کے لیے تنخواہوں میں متعدد اضافوں کا اعلان کیا ہے تاکہ ریاست کی نگہداشت صحت سے متعلقہ افرادی قوت میں نئی بھرتیوں اور ملازمتیں برقرار رکھنے میں مدد ملے۔ یہ اضافے جو نرسنگ کے کاموں کی بڑھتی ہوئی پیچیدگی اور نرسز کے لیے اعلیٰ اسناد کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے گئے ہیں، دن کی شفٹ میں کام کرنے والے رجسٹرڈ نرسز کی ابتدائی تنخواہ کو تفریقی اجرت (ڈفرنشیل پے) ملا کر اپ اسٹیٹ میں تقریباً 90,000$ اور ڈاؤن اسٹیٹ میں 108,000$ تک لے جائیں گے۔ تنخواہوں میں ان اضافوں سے ریاست نیو یارک کی 15 ریاستی ایجنسیز میں متعین تقریباً 6,500 ملازمین کو فائدہ ہوگا۔

"COVID-19 کے خلاف جنگ میں دو سال سے زیادہ ہراول دستے میں رہنے کے بعد، نیویارک کے نرسز ہمارے محض شکریہ سے زیادہ کے حق دار ہیں - وہ منصفانہ اور مسابقتی تنخواہ کے حق دار ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "تنخواہوں میں یہ اضافے ہمارے نگہداشت صحت کے کارکنوں کی مدد کے لیے ہماری ریاست کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں اور نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے نرسوں کی اگلی نسل کو ملازمتوں میں برقرار رکھنے اور نئی بھرتیاں کرنے میں ہماری مدد کریں گے۔"

ریاست نیو یارک نے نرسنگ کے منتخب عہدوں کو اپ گریڈ کیا ہے جس میں یہ اپ گریڈز تنخواہ میں فی عہدہ 4.5 فیصد اوسط اضافے کو ظاہر کرتے ہیں۔ رجسٹرڈ نرس کے عہدوں پر بھرتیاں اب تنخواہ کی حدود کی درمیانی سطح پر کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ، رجسٹرڈ نرس کے عہدوں کو شام کی شفٹ (سہ پہر 4:00 سے رات 12:00 بجے تک) کے لیے بنیادی تنخواہ میں 7 فیصد کا اضافہ اور رات کی شفٹ (رات 12:00 سے صبح 8:00 بجے تک) کے لیے بنیادی تنخواہ کا 10 فیصد کا اضافہ شامل کر کے شفٹ کی ایک اپ ڈیٹ شدہ تنخواہ ملے گی۔

تنخواہوں میں یہ اضافے رجسٹرڈ اور لائسنس یافتہ پریکٹیکل نرس کے عہدوں کے لیے اس سال کے شروع سے لاگو اضافہ شدہ جغرافیائی تفریقی اجرت کے علاوہ ہیں۔ جولائی میں، مڈ-ہڈسن اور ڈاؤن اسٹیٹ مقامات میں متعین رجسٹرڈ نرس کی آسامیوں کو 35,000$ کی جغرافیائی تفریقی اجرت ملی، جو 18,000$ کے سابقہ ڈفرنشیل سے 94 فیصد اضافہ ہے باقی ماندہ ریاست میں متعین رجسٹرڈ نرس کی آسامیوں کو بھی 20,000$ کی جغرافیائی تفریقی اجرت ملی، جو 12,000$ کی سابقہ تفریقی اجرت سے 67 فیصد اضافہ ہے۔ مئی میں، مڈ-ہڈسن اور ڈاؤن اسٹیٹ میں متعین لائسنس یافتہ پریکٹیکل نرس کی پوزیشنز کو 13,000$ کی جغرافیائی تفریقی اجرت ملی، جو پچھلے 2,000$ کے ڈفرنشیل سے 550 فیصد اضافہ ہے اور باقی ریاست میں متعین آسامیوں کو 4,000$ کی جغرافیائی تفریقی اجرت ملی، جو 2,000$ کے سابقہ ڈفرنشیل سے 100 فیصد اضافہ ہے۔

تنخواہ میں اس اضافے کا سب سے زیادہ اثر درج ذیل ایجنسیز پر ہونا متوقع ہے، جن کے پاس اس وقت اہل عہدوں کی سب سے زیادہ تعداد ہے:

- اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک - 3,381 ملازمین
- ذہنی صحت کا دفتر - 1,663 ملازمین
- نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگوں کا دفتر - 674 ملازمین
- محکمہ برائے اصلاحات اور کمیونٹی کی نگرانی - 518 ملازمین
- محکمہ صحت - 371 ملازمین
- نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر - 120 ملازمین

**ریاست نیو یارک کے ڈیپارٹمنٹ آف سول سروس کے کمشنر Timothy Hogues نے کہا،** "ریاست نیو یارک ہزاروں نرسز کو ملازمت دیتی ہے، جو نیویارک کے شہریوں کی صحت اور تندرستی کے تحفظ کے لیے ہماری ریاستی ایجنسیز میں انتہائی اہم خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے نرسز کو تنخواہوں میں یہ اضافے پیش کرنے سے، ہماری پارٹنر ایجنسیز ان باصلاحیت اور سرشار ملازمین کو برقرار رکھنے کے لیے بہتر حالت میں ہوں گی۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، ڈیپارٹمنٹ آف سول سروس سخت محنت کر رہا ہے تاکہ ہماری موجودہ سرکاری افرادی قوت کی معاونت کی جا سکے اور اس کو برقرار رکھا جا سکے اور اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارا معاوضہ مسابقتی ہو تاکہ باصلاحیت افرا کی اگلی کھیپ کو عوامی خدمت کے پیشوں کی طرف راغب کیا جا سکے۔"

**پبلک ایمپلائیز فیڈریشن کے صدر Wayne Spence نے کہا،** "PEF نے ہماری یونین کے نرسز کے لیے منصفانہ تنخواہوں اور عہدوں کی تنظیم نو کے لیے کئی سال آواز بلند کی۔ ہمیں خوشی ہے کہ گورنر Hochul اور ڈیپارٹمنٹ آف سول سروس نے تنخواہ کے گریڈز بڑھانے اور ان سرشار سرکاری ملازمین کو انعام دینے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ایک ایسے وقت میں جب ہم سب نے صحت عامہ کی خدمات کی اہمیت کو دیکھا، نیویارک کو نرسوں کو راغب کرنے اور ملازمتوں میں برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھنی ہے۔"

تنخواہوں میں یہ اضافے گورنر Hochul کے نگہداشت صحت کی افرادی قوت کو بحال کرنے اور نگہداشت صحت کے مستقبل سے ہم آہنگ نظام کی تعمیر کے لیے تاریخی عزم اور سرمایہ کاری کا حصہ ہیں۔ مالی سال 2023 کے نافذ شدہ بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نگہداشت صحت میں $10 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کر رہی ہیں، جس میں نگہداشت صحت کے کارکنوں کے لیے تنخواہوں اور بونس کی معاونت کے لیے $4 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری شامل ہے۔ اس میں نگہداشت صحت اور دماغی حفظان صحت کے کارکنوں کو ملازمتوں میں برقرار رکھنے کے بونس کے لیے $1.2 بلین کی سرمایہ کاری شامل ہے، جس میں $3,000 تک کے بونس ایک سال تک اپنے عہدوں پر رہنے والے کل وقتی کارکنوں کو اور کم گھنٹے کام کرنے والوں کے لیے متعلقہ تناسب سے بونس دیے جائیں گے۔

ریاست نیو یارک ایک ایسے ماحول کو فروغ دیتی ہے جو نرسز کے لیے پیشہ ورانہ ترقی اور کیریئر کے مواقع کی حوصلہ افزائی اور معاونت کرتا ہے اور ریاست بھر میں موجود ایجنسیز میں ہزاروں نرس پریکٹیشنرز، رجسٹرڈ نرسز اور لائسنس یافتہ پریکٹیکل نرسز کو ملازمت دیتی ہے۔

ریاستی حکومت کے ملازم نرسز کو یہ کچھ حاصل ہوتا ہے:

- فوائد کا جامع پیکج، بشمول ریٹائرمنٹ کے فوائد
- پیشہ ورانہ زندگی میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کے وسیع انتخابات
- تعلیم، پیشہ ورانہ ترقی اور تربیت کے مواقع کا ایک وسیع انتخاب
- ٹیوشن کی رقم کی واپس ادائیگی اور ٹیوشن میں امداد

عوامی خدمت کے شعبے میں نرسنگ کے پیشے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ریاستی حکومت میں نرسنگ کے پیشے ملاحظہ کریں۔

ریاست نیو یارک کے لیے کام کرنے اور سرکاری ملازمت میں ایک فائدہ مند پیشے کے حصول کے لیے اگلا قدم کیسے اٹھانا ہے اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہِ مہربانی ڈیپارٹمنٹ آف سول سروس کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور فیس بک، ٹویٹر اور لنکڈ ان پر محکمے کو فالو کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418